نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی ہدایت پر ڈائریکٹر جنرل زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں کا بہاولپور کا دورہ

بہاولپور میں زیرِ تعمیر ایگریکلچر مال اور کپاس کی فصل کا معائنہ کیا

لاہور:20 جولائی 2025( ) سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی خصوصی ہدایت پر ڈائریکٹر جنرل انفارمیشن محکمہ زراعت پنجاب نوید عصمت کاہلوں نے بہاولپور میں زیرِ تعمیر ماڈل ایگریکلچر مال کا معائنہ کیا، جاری تعمیراتی کام کی رفتار کا جائزہ لیا اور محکمانہ ہدایات سے آگاہ کیا۔ ڈائریکٹر جنرل انفارمیشن محکمہ زراعت پنجاب نے متعلقہ حکام کو ماڈل ایگریکلچر مال کی تکمیل مقررہ وقت میں یقینی بنانے کا کہا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر زراعت توسیع محمد جمیل غوری بھی موجود تھے۔ بعدازاں ڈائریکٹر جنرل انفارمیشن محکمہ زراعت پنجاب نوید عصمت کاہلوں اور محمد جمیل غوری نے بہاولپور اور یزمان کے مختلف علاقوں میں کپاس کی فصل کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر کپاس کی نیوٹریشن، پیسٹ، واٹر مینجمنٹ اور صاف چنائی بارے رہنمائی فراہم کی گئی۔ کاشتکاروں کو موجودہ موسمی صورتحال کے مطابق کپاس کی نگہداشت بارے رہنمائی فراہم کی گئی۔ اس موقع پر اسسٹنٹ ڈائریکٹر راشد سرور بھٹی بھی ہمراہ تھے۔ دریں اثنا ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع پنجاب چوہدری عبدالحمید نے ملتان کے مختلف علاقوں میں کپاس کی فصل کا معائنہ کیا۔

☆☆☆☆